سوال

چاندرات اورعید کے دن جماع کرنے کا حکم کیا ہے (میرا سوال دونوں عیدوں کے بارہ میں ہے) ؟ اس لیے کہ میں نے کچھ دوست واحباب سے سنا ہے کہ یہ جائز نہیں ۔

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے ، اور درود وسلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

آپ نے جو اپنے دوست واحباب سے بات سنی ہے وہ صحیح نہیں ، چاندرات اور عید والے دن بیوی سے ہم بستری کرنی مباح ہے ، ہم بستری تو صرف مندرجہ ذیل حالت میں حرام ہے :

رمضان میں دن کے وقت ، حج اور عمرہ کے احرام کی حالت میں ، یا پھر اگر عورت حائضہ اور نفاس والی ہو ۔

واللہ اعلم .

الاسلام سوال وجواب

38224